© rasailojaraid.com



# ایک محقق کا سوال

جناب مولوی فاضل مولوی ابوالوفاء صاحب

السلام علیکم - ایک محقق کی جانب سے یہ ایک اعتراض ہے کہ از روئے تعلیم قران شریف کون کون چیز مسلمان پر حرام ہے - براہ مہربانی اس کا جواب مفصل عنایت فرماوین لیکن جو چیزین عذر میں حلال کی جاوین اُنکے متعلق یہ سوال ہے لیکن جواب صرف قران شریف سے ہی دیا جاوے - دیگر کتب دینی سے نہ دیا جاوے

(راقم ایک محقق از شہر ملتان)

**جواب**:- قران شریف میں ماکولات (کھانے کی قسم) میں سے چند چیزین حرام ہیں جنکا ذکر آیت مندرجہ ذیل میں ہے :-

قل لا اجد فیما اوحی الی محرما علی طاعم یطعمہ الا ان یکون میتۃ او دما مسفوحا او لحم خنزیر فانہ رجس او فسقا اہل لغیر اللہ بہ - فمن اضطر غیر باغ و لا عاد فان ربک غفور رحیم (پ ۸ ع ۵۶)

یعنی اے نبی تم کہدو کہ (آجتک) جو کلام میری طرف وحی کیا جاتا ہے میں اُس میں کھانیوالے کے لئیے یہی چیزیں حرام پاتا ہوں - مردار - بہتا ہوا خون - سور کا گوشت - کیونکہ وہ ناپاک ہے اور جو چیز غیر اللہ کے نام پر مقرر کی جائے تاہم جو کوئی بھوک کی وجہ سے مجبور ہو وہ بقدر سدِ رمق (جان بچانے جتنا) کھالے تو اُسپر گناہ نہیں - خدا تعالے بخشنے والا مہربان ہے -

یہ ہے قرانی محرمات کی فہرست - اس میں جو میتۃ کا لفظ آیا ہے اُس کی تفصیل دوسری آئت میں یوں آئی ہے :-

والمنخنقۃ والموقوذۃ - والمتردیۃ - والنطیحۃ وما اکل السبع (پ ۶ - ۵۶)

یعنی گلا گھنٹ کر - چوٹ لگ کر - گر کر - کسی دوسری کے سینگ مارنے سے مری ہوئی اور جسکو درندہ مار گیا ہو -

یہ سب در اصل میتۃ کی تفصیل ہے - اس کے سوا اور جو کچھ حرام ہے وہ یا تو شریعت کے دوسرے حصے یعنی حدیثوں میں آتا ہے یا کسی مجتہد کے قیاس میں - والعلم عند اللہ


# فہرست کتب فروختنی موجودہ مطبع اہلحدیث امرتسر

**تفسیر ثنائی اردو**

پوری کیفیت اس تفسیر کی تو دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے - ہندوستان کے مختلف حصوں میں قبولیت کی نظر سے دیکھی گئی ہے نہایت دلپذیر طرز سے لکھی گئی ہے تفسیر کے دو کالم ہیں - ایک میں الفاظ قرآنی معہ ترجمہ بامحاورہ کے درج ہیں دوسرے کالم میں ترجمہ کی لفظوں کو تفسیر میں لیکر تشریح کی گئی ہے - نیچے حواشی میں مخالفین کے اعتراضات کے جوابات بدلائل عقلیہ و نقلیہ دئے گئے ہیں ایسے کہ بائد و شائد - تفسیر سے پہلے ایک مقدمہ ہے جس میں کئی ایک زبردست عقلی و نقلی دلائل سے آں حضرت کی نبوت کا ثبوت دیا ہے ایسا کہ مخالف کو بھی (بشرط انصاف) بجز کلمہ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنے کے چارہ نہو تفسیر سات جلدوں میں ہے جنمیں سے پانچ جلدیں تیار ہیں چھٹی جلد زیر طبع ہے -

جلد اوّل - سورہ فاتحہ و بقر قیمت ۶
جلد دوم - سورہ آل عمران و نساء ۱۲
جلد سوم - سورہ مائدہ - آل عمران اعراف ۶
جلد چہارم - تا سورہ نحل ۱۴ پارہ ۱۲
جلد پنجم - تا سورہ فرقان ۱۲
پانچوں جلدوں کی ایک ساتھ خریدار سے مع محصولڈاک معہ

**دلیل الفرقان بجواب اہل القرآن** مولوی عبداللہ چکڑالوی اہل قرآن کو مفصل رسالہ متعلقہ نماز کا کامل جواب - قابل دید قیمت ۲

**شادی بیوگان اور نیوگ** آریوں کی تردید میں یہ مختصر سا رسالہ نہایت کار آمد ہے ۱

**تقابل ثلاثہ** - (توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ) صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قرآن شریف کی فضیلت ثابت کی گئی ہے - عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے - مع محصول ۱۲

**آیات متشابہات** ۱ - اصول تفسیر اور آیات متشابہات کی تحقیق - ۳

**تہذیب** :- تہذیبوں کے فرائض واضح طور پر بتلائے گئے ہیں - ۱

**فتوحات اہلحدیث** چیفکورٹ - ہائی کورٹ - پنجاب اودھ - بنگال - اور انگلستان میں اہلحدیث کی تائید میں جو فیصلے ہوئے ہیں اُنکو جمع کیا گیا ہے قیمت بہت کم ۱۲

**اسلامی تاریخ** اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات طیبہ بطرز حکایات بچوں کیلئے بہت مفید ۱


© rasailojaraid.com